© rasailojaraid.com



جناب شفیق الدین فاروقی

# دار العلوم کے شب و روز

## دار العلوم حقانیہ کے ایوان شریعت اور مرکزی درسگاہوں کے صحن میں خوبصورت ٹائلز کی تنصیب:

الحمدللہ دار العلوم حقانیہ کے وسیع وعریض رقبے میں حسب سابق اور حسب روایت تعمیرات کا سلسلہ بہ توفیقِ ایزدی زور وشور سے جاری ہے۔ اساتذہ کے قیام کیلئے نئے فلیٹس نما گھروں کی تعمیر آخری مراحل میں ہے۔اس کے ساتھ ساتھ دار العلوم کے کئی حصوں میں خوبصورت سڑکیں بھی بن گئی ہیں۔اور دار العلوم کی جامع مسجد کے وسیع صحن میں ایک اہل خیر کے تعاون سے لوہے کی خوبصورت چھت بھی بن گئی ہے۔اور اس میں پنکھوں اور روشنی کا خاطر خواہ انتظام بھی کیا گیا ہے جس سے طلباء دھوپ اور بارش وگرمی وسردی کے اثرات سے نمازوں کے اوقات میں محفوظ ہوگئے ہیں۔اور اس کے ساتھ ساتھ دار العلوم میں نئے تعمیر شدہ عظیم الشان مطبخ اور اس کے متصل حصے میں نئے کمروں کی تعمیر اور نئے وسیع روٹی پکانے والے تنور اور پلانٹ بھی خوب کام کررہے ہیں اور ان دنوں ایوان شریعت دار الحدیث کے سامنے اور مرکزی درسگاہوں کے سامنے خوبصورت اور جاذب نظر اینٹ نما ٹائلز کی تنصیب بھی مکمل ہونے کو ہے۔جس سے دار العلوم کے حسن وجمال اور خوبصورتی میں مزید نکھار پیدا ہوگیا ہے اور تعمیر وترقی کا خوبصورت عمل حضرت مہتمم صاحب مدظلہ کی ذاتی دلچسپی و سرپرستی اور مہیا کردہ وسائل کے باعث دن دگنی اور رات چوگنی ترقی کررہا ہے۔

## دار العلوم میں ایرانی قونصلر جنرل حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ سے ملاقات

گزشتہ دنوں ایرانی نئے قونصلر جنرل جناب اقبال اصغری صاحب دیگر ساتھیوں سمیت حضرت مولانا مدظلہ سے ملاقات کے لئے دار العلوم تشریف لائے۔اور رہائش گاہ پر حضرت مولانا مدظلہ سے مختلف امور پر باہمی تبادلہ خیال کیا۔حضرت مولانا مدظلہ نے عراق میں جاری شیعہ سنی جھگڑے پر سنی حلقوں اور خصوصاً عالم عرب کے تحفظات سے انہیں آگاہ کیا اور اس پر اپنی تشویش کا اظہار بھی کیا۔بعد میں وفد نے دار العلوم کے مختلف شعبہ جات کا دورہ کیا اور مختلف اساتذہ وعلماء سے بھی ملاقاتیں کیں۔

**جناب سراج الاسلام صاحب کے بیٹے کی وفات** دار العلوم کے انتہائی مخلص اور ادارہ ''الحق'' کے معاون جناب سراج الاسلام سراج صاحب کے فرزند محمد ظاہر استاد وامام مسجد گزشتہ دنوں اچانک حرکت قلب بند ہوجانے کے باعث مسجد کی صفائی کے دوران انتقال کرگئے۔انا للہ وانا الیہ راجعون۔ادارہ جناب سراج الاسلام صاحب کے ساتھ دلی تعزیت کرتا ہے اور ان کی صحتیابی کے لئے بھی دعاگو ہے کہ آپ بھی ایک عرصے سے صاحب فراش ہیں۔قارئین سے خصوصی دعاؤں کی اپیل ہے۔

© rasailojaraid.com